تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشر و اشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-3586304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

15-اکتوبر 2018ء

# پریس ریلیز

لاہور (پ ر) تنظیم اسلامی کی ریاست مدینہ مہم کے تحت ایک سیمینار ایوان اقبال لاہور میں منعقد ہوا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم اسلامی کے مرکزی راہنما جناب شجاع الدین شیخ نے کہا کہ تنظیم اسلامی کی ریاست مدینہ مہم کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ عوام اور خاص طور پر حکمرانوں کو باور کرایا جائے کہ ریاست مدینہ کے حقیقی خدوخال کیا تھے اور اب اگر ریاست مدینہ کی طرز پر کوئی حکومت قائم ہوگی تو کیسے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی کا مقصد اسلامی معاشرے کا قیام ہے اس کے لیے کوئی بھی کوشش کرے، ہم تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد حکومت پر تنقید کرنا نہیں بلکہ ہم نے حکومت کے ریاست مدینہ کے اعلان کو مثبت انداز میں لیا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اس سے پہلے کہ حکومت پر لبرلز اور بیرونی طاقتوں کا دباؤ بڑھے ہم حکومت کو ریاست مدینہ کی جانب قدم بڑھانے کی دعوت اور ترغیب دیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے تنظیم اسلامی کے مرکزی ناظم نشر و اشاعت جناب ایوب بیگ مرزا نے کہا کہ جہاں سے بھی نفاذ اسلام کی صدا بلند ہوگی تو ہم اس کی حمایت کریں گے اور تعاون کریں گے۔ وزیر اعظم ایسا نظام تشکیل دیں جس کی ہر چیز قرآن وسنت کے طابع ہو۔ لیکن محسوس ہوتا ہے کہ ان کا تصور مدینہ ادھورا ہے وہ ریاست مدینہ کی بات تو کرتے ہیں لیکن بلا سود معیشت کا ذکر نہیں کرتے اور نہ ہی باحیاء، باپردہ معاشرے کی بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی معاشرے کا قیام صرف حکمرانوں کی ہی نہیں بلکہ عوام کی بھی ذمہ داری ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے عبدالروف فارقی نے کہا کہ تنظیم اسلامی ریاست مدینہ مہم شروع کر کے فرض کفایہ ادا کر رہی ہے۔ دیگر دینی جماعتوں کو بھی چاہیے کہ وہ بار بار حکمرانوں کو ریاست مدینہ کے حوالے سے کیا گیا وعدہ یاد دلاتی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کا خاکہ وہ نہیں ہوگا جو سیاستدان پیش کریں گے بلکہ ریاست مدینہ کا خاکہ وہ ہوگا جو علماء پیش کریں گے لہٰذا حکمران اگر اپنے وعدے میں مخلص ہیں تو عملی اقدامات سے ثابت کریں علماء ہر ممکن تعاون کریں گے۔ اس کے بعد اسد اللہ بھٹو نے اپنے خطاب میں کہا کہ قرآن میں اللہ کا حکم ہے کہ اسلام کی تنفیذ حکمرانوں پر فرض ہے۔ ہمارے حکمرانوں نے جس آئین کے تحت حلف اُٹھایا ہے اس میں بھی واضح طور لکھا گیا ہے کہ نفاذ اسلام کے لیے اقدامات کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکمران آگے بڑھیں تو عوام بھی ان کا ساتھ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے قومی اسمبلی میں نماز کا وقفہ ہوتا تھا مگر اب یہ بھی نہیں ہو رہا۔ حکمران اپنے طرز عمل سے ثابت کریں کہ وہ اپنے وعدوں میں سچے ہیں۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مولانا زاھد الراشدی صاحب نے کہا کہ ریاست مدینہ قائد عظم اور اقبال کا خواب تھا، شکر ہے کہ موجودہ حکمرانوں نے ان کی زبان میں دوبارہ بات کی ہے اگر حکومت اس طرف بڑھی گی تو تمام دینی جماعتیں بلا تفریق اور بلا تقاضا تعاون کریں گی۔ اسی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر امین صاحب نے کہا کہ ریاست مدینہ صرف نبی اکرم ﷺ کی حقیقی پیروی کرتے ہوئے بن سکتی ہے۔ افراد کو بدلو تو معاشرہ بدلے گا اور جب معاشرہ بدلے گا تو ریاست مدینہ خود بخود قائم ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے ریاست مدینہ کی بات تو کی ہے لیکن نفاذ شریعت کی بات نہیں کی۔ جبکہ نفاذ شریعت کے بغیر ریاست مدینہ کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ آخر میں صدر مجلس جناب عاکف سعید صاحب نے تمام مقررین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اجتماعی دعا کی۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشر و اشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM-E-ISLAMI

## Press Release: 15 Oct, 2018

**Lahore (PR): Tanzeem-e-Islami held a seminar as part of its "Riyasat-e-Madinah Campaign" at Aiwan-e-Iqbal, Lahore.**

While addressing the seminar, **Shuja Uddin Sheikh**, of Tanzeem-e-Islami said that the fundamental purpose of the "Riyasat-e-Madinah Campaign" was to enlighten the masses and in particular the rulers about the salient features of the State of Madinah and to provide input regarding the requisites of establishing and casting a state, today, on the lines of *that* "Riyasat-e-Madinah". He said that the purpose of Tanzeem-e-Islami is the establishment of a pure Islamic Society and whosoever makes an effort towards that end we will provide a helping hand. He emphasized that the purpose of this campaign was not to criticize the government, rather we have considered the declaration by the government regarding "Riyasat-e-Madinah" in a positive manner and want to encourage and support the government in taking steps towards the materialization of this idea before pressures from opposing liberals as well as other internal and external forces increase on the government in order to sabotage the vision.

While addressing the seminar, the Markazi Nazim of the Press and Publications Section of Tanzeem-e-Islami, **Ayub Baig Mirza**, said that we will condone and support the voice of establishing Islam from wherever it is raised. He said that the Prime Minister (PM) ought to implement a system in which all matters are compliant with the Qur'an and Sunnah. However, it appeared as if the PM's vision of "Riyasat-e-Madinah" is incomplete, as the PM talked about "Riyasat-e-Madinah" but did not say anything about a riba-free economy or a society based on the virtues of modesty, decency and morality. He said that the establishment of a genuine Islamic Society was not just the obligation of the rulers but also a responsibility of the masses.

While addressing the seminar, **Abdur Rauf Farooqi**, said that Tanzeem-e-Islami had performed *"Fard-e-Kifayah"* through its "Riyasat-e-Madinah Campaign". He said that it was incumbent on all other religious organizations, too, to constantly remind the rulers of their promise regarding "Riyasat-e-Madinah". He said that the framework of "Riyasat-e-Madinah" would not be the one presented by politicians but the one presented by religious scholars. Therefore, he added, that if the rulers were sincere regarding their promise, they ought to prove it with practical steps and the religious scholars would provide them with as much guidance and assistance as humanly possible.

While addressing the seminar, **Asadullah Bhutto,** said that Allah *(SWT)* ordains in the Qur'an that establishing an Islamic System in a state is the obligation of the rulers. It is also written clearly in the constitution of our country, on which all rulers take oath, that it is the responsibility of the rulers to take such steps that would pave the way for establishing an Islamic system, he added. If the rulers take the initiative towards this end then the masses will also follow suit. He lamented that there used to be a break for performing prayers in the national assembly before, which no longer exists. He said that the rulers ought to prove it through their actions that they are sincere in their promises.

While addressing the seminar, **Maulana Zahid Ul-Rashdi,** said that "Riyasat-e-Madinah" was the vision of Allama Muhammad Iqbal and Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah and added that it was a matter of great hope that the current rulers had talked using the words of the founding fathers of our country. He said that if the government took practical steps in that direction then ALL religious organizations would assist them without any pre-conditions.

While addressing the seminar, **Dr. Muhammad Amin**, said that "Riyasat-e-Madinah" can only be established by following in the footsteps of the Holy Prophet *(SAAW)*, genuinely. He said that when individuals are reformed then the society is also reformed as a consequence and when the society will be reformed for good then "Riyasat-e-Madinah" would consequently take form automatically. He said that although the PM, Imran Khan, had talked about "Riyasat-e-Madinah", he had not said anything about implementing the Islamic Shariah and the concept of "Riyasat-e-Madinah" cannot be even envisioned without the implementation of the Islamic Shariah.

In conclusion, the Chair of the Seminar and the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, thanked the audience and the speakers for participating in the important seminar and offered collective supplication.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem e Islami, Pakistan**
**Contact: 0321 - 4893436**